# گرفتاری اور حراستی ریمانڈ سے متعلق معلومات

اس کتابچہ میں آپ گرفتاری اورتحویل کی حراست کے افراد پر لاگو ہونے والے اہم اصولوں کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں اگرآپ مزید جاننا چاہتے ہیں تو آپ عملے سے اصول اور قوانین مستعار لے سکتے ہیں ۔ کسی بھی امور میں شک کے سلسلے میں آپ ہمیشہ عملے سےدریافت کر سکتے ہیں۔

2025

KRIMINAL FORSORGEN

# گرفتاری

**1**. جج کے سام ن پی ش (آئین کےتحت ابتدا ئ سماعت)
آپ کوگرفتارکیاگیا ہے۔ اگر آپ کو 24 گھنٹوں کے اندر رہا نہ ی کیا جاتا تو آپ کو جج کے سام ن پیش کیا جانا ضوری ہے ۔ جج یا تو آپ
کورہا کرسکتا ہے یا فیصلہ کر سکتا ہے کہ ت ی بار تک ہر بار 24 گھن ن کے ل ئےگرفتاری کو بر قرار رکھا جا ئ یا یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ آپ کو حراس ت تحویل م ی دے دیا جا ئ۔

**2**. وکیل /وکیل صفا ئ
ایک وکیل سے رابطہ اور رسائ کے لئے پولیس آپ کی رہنمائ کرے گی ۔ آئین کے تحت ابتدائ سماعت کےسلسلے میں آپ کے لئے ایک وکیل
صفائ تفویض کیا جاتا ہے۔

**3**. گرفتاری کو برقرار رکھا جاتا ہے
اگر جج فیصلہ کرے کہ گرفتاری کو برقرار رکھا جائےتو آئین کے تحت ابتدائ سماعت کے اختتام پر تین دفعہ 24 گھنٹوں کے گزرنے کے
اندر اندر آپ کو از سرنو عدالت میں پیش ہونا ہوتا ہے ۔ جج پھر فیصلہ کرے گا کہ آپ کورہا کیا جائے یا تحویل کی حراست میں
دے دیا جائے۔

**4**. اکیلے رکھنا
پولیس یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ گرفتاری کے دوران آپ کو دوسرے ہم قیدی افراد سے علیحدہ رکھا جائے تاکہ آپ کا دوسرے افراد سے
رابطہ نہ ہو۔

**5**. غیر ملکی
پولیس آپ کو آپ کے ملک کے سفارتخانہ یا قونصل خانے سے رابطہ کرنے کےحق کے بارے میں
رہنمائ کرے گی۔
ضرورت پر، اور اگر عملی پر طور ممکن ہوا تو عملہ ترجمان کو بلا سکتا ہے۔

**6**. پولیس
گرفتار افراد پرلاگو ہونے والے اصولوں کے بارے میں بھی پولیس آپ کو مزید بتا سکتی ہے ۔ اگر آپ چاہیں تو عملہ آپ کا رابطہ پولیس سے
کروانے میں مدد کرے گا۔

# ریمانڈ کی قید میں

**7**. آپ کا وکیل صفا ئ
آئین کے تحت ابتدا ئ سماعت کے سلسلے میں آپ کے لئے ایک وکیل صفا ئ تفویض کیا جائے گا. عدالت میں آپ سے سوال و جواب سے قبل آپ کو اپنے وکیل صفا ئ سے گفتگو کرنے کا
موقع دیا جائے گا.

**8**. حراست میں عرصے کی پابندی
اگر آپ کو ریمانڈ کی قید میں رکھا جاتا ہے تو جج ایک آخری تاریخ کا تعین کرتا ہے کہ عدالت پھر کب آپ کے قید ہونے کےکیس پر سماعت کرے ۔ یہ عرصہ زیادہ سے زیادہ
چار ہفتوں پرمحیط ہو سکتا ہے ۔ جب جج فیصلہ کرے کہ آیا آپ کی قید کو برقرار رکھا جائے توعموما آپ کا عدالت میں ہونا ضوری نہیں ۔لیکن بہرحال جج مطالبہ کر سکتا
ہے کہ آپ موجود ہوں۔

**9.** اکیلے رکھنا
جج فیصلہ کر سکتا ہے کہ دوسرے ہم قیدی افراد سے آپ کو علیحدہ رکھا جاۓ.اگر عدالت کے فیصلےسے آپ کو اکیلا رکھا جاتا ہے تو اس بات کا امکان ہے کہ آپ مزید ملاقاتیوں سے مل سکیں. لیکن اس کے بارے میں مزید تفصیلات ملاقات اور خطوط کی جانچ کے پیراگراف کے تحت دیکھیں.

**10.** اپیل
ریمانڈ کی قید اورممکنہ اکیلے رکھنے کے جج کے فیصلے پر آپ اونچی عدالت سے اپیل کر سکتے ہیں ہیں. آپ کا وکیل صفا ئ
اس بارے م ی مزید رہنما ئ کرے گا.

**11.** ملاقات کرنے والوں کی جانچ اور خطوط کی جانچ
پولیس اس بات کا فیصلہ کرسکتی ہے کہ آپ سے کوئ نہیں مل سکتا یا ملاقاتیوں کی نگرائ کی جائے گی. پولیس کے فیصلوں کوآپ عدالت میں پیش کرنے کا مطالبہ کر سکتیں ہیں ئے ہیں. پولیس یہ بھی فیصلہ کر سکتی ہے کہ آپ کے خطوط کی بھی جانچ ہو . اگر پو لیس آپ کے خطوط روکے
رکھے تو اس فیصلہ کو فوری عدالت کے سامنے پیش کیا جانا چاہیے.

آپ کا حق ہے کہ بغیر جانچ کے آپ اپنے تفویض کردہ وکیل سے ملاقات اور خطوط کا تبادلہ کرسکیں . اسی طرح بغیر جانچ کےعدالت، وزیر انصاف، جیل اور حراست کے ڈائریکٹر جنرل ، ایریا منیجر، پارلیمانی محتسب سے خطوط کا تبادلہ آپ کا حق ہے.کچھ دوسرے حکومتی اداروں سے خطوط کے تبادلے کے حوالے سے خاص اصول لاگو ہوتیں ہیں . ممکنہ صورت م ی آپ عملے سے پوچھیں .

مقامی جیل بھی فیصلہ کرسکتا ہے کہ آپ کے خطوط اور ملاقاتوں کی جانچ کی جائے، تا کہ باہر سے اندر اور اندر سے باہر کی سمگلنگ کو روکا جائے. نیچے اصول، امرو نہی کے پیراگراف میں دیکھیں .

**12.** ٹیلیفون
آپ کو عام طور پر فون کال کرنے کی اجازت نہیں ہے. بعض حالات میں آپ کو کال کرنے کی اجازت دی جا سکتی ہے، مثلاً اگر آپ کی صورتحال میں تحریری خط بھیجنے میں بہت وقت لگے. ایسی اجازت عملی طور پر قابل عمل ہونے اور پولیس یا مقامی جیل کی طرف سے اعتراض نہ ہونے پر منحصر ہوتی ہے. اگر آپ اپنے وکیل کو فون کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو عام طور پر ایسا کرنے کی اجازت دی جائے گی ہیں

مقامی جیل میں اپنے ساتھ موبائل یا سیل فون لانا قابل سزا جرم ہے. آپ کے دوستوں اوراہل خانہ کےلئے بھی آپ سے جیل میں ملاقات کرنے کے دوران موبائل اور سیل فون لانا قابل سزا جرم ہے.

**13.** غیر ملکی
پولیس آپ کو آپ کے ملک کے سفارتخانہ یا قونصل خانے سے رابطہ کرنے کے حق کے بارے میں رہنمائ کرے گی. ضورت پراور اگر

عملی طور پر ممکن ہو تو عملہ ترجمان کو بلا سکتا ہے.

**14.** اصول، احکام اور پابندیاں
آپ کا حق ہے کہ آپ ڈینش جیل اور حراستی خدمت کے ضوابط اور یوروپین جیل کے ضوابط کو دیکھ سکیں کہ وہ کیا کہتا ہے. اور یہ کہ مقامی جیل کا اصول کیا کہتا ہے یہ جان سکیں .

الکحل اور منشیات ممنوع ہے . ڈاکٹر کی ھدایات کےعلاوہ ادویات بھی منع ہے مقامی جیل سے

فرار ہونا لائق سزا ہے

عام طور پر آپ کو مروجہ اصولوں اور عملے کے آوامرونہی کی پاسداری کرنی ہوتی ہے. مقامی جیل کے رہایش ہاوس میں یہ اصول میں درج ہیں. یہاں آپ مزید عملی امور کے بارے میں پڑھ سکتےہیں ،
مثلا ضوریات کی خریداری، ملاقات کے اوقات کار اور ذاتی اشیاء کی وصولی . نیچے آپ اقامت کے اہم اصولوں کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں.

**15**. ذاتی اور سما یج تعاون
آپ کی گرفتاری یا ریمانڈ کی قید کے سلسلے میں ملازمتی' سما یج اور ذاتی نقصانات کو کم کرنے کے لئے ڈینش جیل اورحراستی خدمت کو آپ کی مدد کرنی چاہیے ۔

ایک سماجی مشیر آپ سے ملاقات کے لئے آئے گا جو مقامی جیل میں روزمرہ کے عملے کے باہمی تعاون سے آپ کی مدد اور رہنما ئ مہیا کرے گا ۔ آپ اپنے اور اپنے خاندان کے ذاتی اور سماجی مسائل کے حوالے سے روزمرہ کے عملے یا سماجی مشیر سے بات کر سکتے ہیں ۔

اگر آپ کو دوسری خاص مدد کی ضورت ہے تو آپ کا رابطہ ایک استاد، پادری، نرس ،ڈاکٹر یا دوسرے افراد سے ہو سکتا ہے ۔ ممکنہ صورت میں عملے سے پوچھیں۔

**16**. کھانا اور پینا
مقامی جیل م ی آپ کو کھائ اور پین کی پیشکش کی جاۓ کی۔ صحت کی وجوہات کی بنا پر ڈاکیخاص خوراک کا کہہ سکتا ہے ۔ اگر آپ س ییی خور ہ ی یا مذہبت پہلوؤں کی وجہ سے آپ کو خاص خوراک کی ضورت ہے تو کھا ئ کے حوالے سے ان مطالبات کو پورا کیا جاتا ہے ۔ محکمے م ی عملے یاممکنہ صورت م ی پادری سے پوچھیں۔

آپ مقامی جیل کے ذریعے سے عام استعمال کی مصنوعات خرید سکتے ہیں ،مثلا اخبارات، تمباکو اورکھانا ۔ ممکنہ صورت میں عملےسے بات کریں۔ آپ کے رشتہ دار یا دیگر لواحقیں

ہوسکتا ہےآپ کے لئے باہر سے کچھ نہ لا سکیں۔

**17**. سگریٹ نوشی
ڈینش قید اور حراستی خدمات کے تحت آنے والے تمام اداروں میں اندرمیں سگریٹ نوشی ممنوع ہے۔ آپ باہر پی سکتے ہیں ۔ سگریٹ نوشی کا انتظام مختلف اداروں کے مطابق الگ الگ طرح سے ہے۔

تمباکو، سگریٹ اور سگریٹ نوشی کی اشیاء عموماً آپ کے سیل کے باہر کسی الماری میں محفوظ کی جاتی ہیں یا عملہ ان کے پاس رکھتا ہے۔ اگر آپ کے پاس ایک الماری ہے تو اسے بند رکھا جانا چاہیے، اور چابی آپ کے پاس ہوگی۔

تمباکو اور سگریٹ نوشی کی اشیاء آپ کے سیل میں محفوظ نہیں کی جا سکتی ں۔

قانون کی کو ئ بھی خلاف ورزی تادیبت کارروا ئ کے تحت آتی ہے۔

اگرآپ سگریٹ نو سی چھوڑنا چاہتے ہیں توآپ عملے سے کہہ کرسگریٹ نوشی سے چھٹکارا سےمتعلق آزاد پروگرام میں شرکت کر سکتے ہیں ۔

**18**. نہانا/ طہارت حاصل کرنا
عموما آپ کو نہانے کی سہولت روزانہ دن میں ی ایک بار مہیا کی جاتی ہے ۔ ٹائیلیٹ کی مصنوعات آپ کوعملے سےملے کگی ،یا آپ مقامی جیل کے ذریعہ خرید سکتے ہیں ۔

**19**. اشیاء اور پیسہ
اقامت کے دوران وصول کردہ اشیاء کے حوالے سے اصول ہے ۔ پیسہ آپ کو مقامی جیل سے باہر سے الیکٹرانک طریقے سے بھیجا جا سکتا ہے اور اسے جیل میں استعمال کیا جا سکتا ہے

لیکن اس حوالے سے کچھ اصول ہیں کہ آپ کے پاس کتنی نقدی اور کتنی رقم رکھ سکتیں ہیں ۔ اگر جیل کیش لیس سسٹم چلاتی ہے، تو آپ کے پاس نقدی بالکل نہیں رکھی جا سکتی عملہ آپ کو بتا سکتا ہے کہ آپ مقامی جیل میں اپنے ساتھ کتنی اشیاء اور پیسے ہیں۔

مقامی جیل میں آپ کو موبائل ساتھ لانے کی اجازت نہیں ہے ۔مزید معلومات کے لئے ٹیلی فون پر گفتگو کے پیرا گراف میں دیکھیں۔

**20**. ملاقاتیں
عموما آپ سےملاقات کی اجازت ہوتی ہے ۔ بہرحال پولیس ملاقات کے سلسلے میں مزاحمت کر سکتی ہے یا فیصلہ کر سکتی ہے کہ ملاقات کی نگرانی کی جاۓ ، ملاقات اور خطوط کی جانچ کے پیراگراف کے تحت دیکھیں۔

اگر پولیس نےملاقات سے منع نہیں کیا یا نگرا ئ پر زوردیا تو مندرجہ ضوابط لاگو ہوتے ہیں:

مقامی جیل کے حدود وحالات جس قدر اجازت دیں اتنی کسرت سے آپ ملاقات کا حق رکھتےہیں ۔ ملاقات کا وقت آدھے گھنٹے سے کم نہیں ہو سکتا ۔ ملاقاتیں اکسر بلاجانچ کے ہوتی ہیں ۔ بہرحال ڈینش جیل اور حراستی خدمت ضرورت پر، مثلا اندر تک اشیاء کی سمگلنگ کے انسداد یا دوسرے لائق سزا معاملات کے لئے ملاقات کی نگرانی کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ خاص مواقع پر ڈینش جیل اور حراستی خدمت مخصوص لوگوں کو
ملاقات سے روک بھی سکتا ہے۔

اگر آپ کا خاندان یا دوست نہیں جو آپ سے مل سکے تو آپ عملے سے ریڈ کراس جیل ملاقاتی سےملاقات کرنے کے موقع کے بارے م ی پوچھ سکتے ہیں ۔

اگرعدالت نے فیصلہ کیا ہے کہ آپ کو اکیلا رکھا جائے تو حتی المقدور ہفتے میں کم ازکم ایک بار آپ سے ملاقات کی اجازت ملنی چاہیے ۔
ملاقات کا وقت ایک گھنٹے سے کم نہیں ہو سکتا۔

عام طور پر آپ پریس سے ملنے کا حق رکھتے ہں اگرآپ کوانٹرویو دینا ہے، اس کے لئے آپ کو جیل اور حراست خدمتی اجازت لینی ہوگی۔ کیونکہ آپ جو میڈیا کو کہہ سکتے ہیں اس پر کچھ حدود ہو سکتی ہیں۔

آپ اپنے وکیل دفاع سے ہمیشہ بغیر نگرانی والی ملاقات کا حق رکھتے ہیں ۔

## 21. خطوط

وہ خطوط جن کی پولیس جانچ نہیں کرتی ان کی جانچ مقامی جیل کرتا ہے تا کہ یقین دھانی ہو سکے کہ خطوط کو اندر اور باہر سمگلنگ کےلئے استعمال نہ کیا جائے ۔ اس لئے جو خطوط آپ وصول کرتے ہیں انہیں آپ کے سامنے کھولا جائے گا ۔ جو خطوط آپ خود ارسال کرتے ہیں انہیں بند کرنے سے قبل عملے کو دیا جائے گا ۔ جانچ کے بعد انہیں آپ کے سامنے بند کیا جائے گا ۔ عموما خطوط پڑھے نہیں جاتیں ہیں ۔ خطوط کو صرف اس صورت میں عملہ پڑھ سکتا ہے جب یہ حفاظت یا سیکیورٹی کے لیے ضروری ہو۔

## 22. ڈیجیٹل پوسٹ- سرکاری حکام سے میل

زیادہ تر قیدیوں کو انٹرنیٹ کی رسا ئ حاصل نہیں رہتی ہے اس لئے وہ ڈیجیٹل پوسٹ چیک نہ ی کرسکتیں ۔ اگر آپ کو انٹرنیٹ کی رسا ئ حاصل نہ ہو توآپ ڈیجیٹل پوسٹ سے مستث ت ہوسکتے ہیں بجا ئ اس کے آپ سرکاری حکام سے سرکاری میل کے ذریعہ خطوط موصول کریں گے۔ اس کے بجائے آپ کو عام ڈاک کے ذریعے آپ کے رجسٹرڈ پتے پر کاغذی خطوط موصول ہوں گے، جب تک کہ آپ کوئی اور پتہ فراہم نہ کریں۔ آپ کش رشتہ دارکو اپ ن پوسٹ چیک کر ن کی تحریری اجازت دے سکتے ہیں جو آن لائن آپ کو پوسٹ چیک کر سکتا ہے/کر سکتی ہے۔ مزید
معلومات کے لئے عملے سے دریافت کریں۔

## 23. باہرنکلنا

بہت محدود پیمانے پر اورصرف خاص مقاصد، مثلا قریبی افراد کی سنجیدہ بیماری یا تدفیں کے لئے باہر جانے کی اجازت دی جاتی ہے
. باہر جانے کی اجازت صرف پولیس کی اجازت اور اتفاق سے دی جاتی ہے
اور ہمیشہ کو ئ شخص ہمراہ ہوتا ہے۔

## 24. اشتراک

اگرچہ پولیس یاعدالت نے فیصلہ صادر نہیں کیا کہ آپ کو اکیلے رکھا جائے پھر بھی مقامی جیل میںحالات کی وجہ سے عموما دوسرے ہم جیل افراد سے محدود اشتراک ہوتا ہے۔کچھ معاملوں میں دیگر کے ساتھ اشتراک ("اشتراک سے اخراج") کے حق سے آپ کو محروم کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے تو اشتراک کے خاص اصول ہیں، ممکنہ صورت میں عملے سےپوچھیں۔

## 25. جیل میں منتقلی

فیصلہ صادر ہونے سے قبل ہی کچھ اوقات آپ اس جیل تک منتقل ہو سکتے ہیں جہاں آپ کو سزا کاٹنی ہے (اڈمنسٹریشن آف جسٹس ایکٹ سیکشن 777 )-ممکنہ صورت میں اپنے وکیل صفا ئی سے دریافت کریں۔

## 26. کام

مقامی جیل میں ریمانڈ کے قیدی کی صورت میں آپ کا حق ہے کہ آپ کام، تعلیم یا دیگر منظور شدہ سرگرمی بشمول علاج میں مصروف عمل رہیں۔ اگر آپ مصروف عمل ہیں تو آپ کو کام کی رقم ملتی ہے ۔ اگر آپ بیمار ہو جاتے ہیں تو بیماری کا معاوضہ ملتا ہے۔
مقامی جیل میں واقع ہونے والی ایسی ملازمت آپ خود بھی تلاش کر سکتے ہیں لیکن اس صورت میں ملازمت کو ڈینش جیل اور حراستی خدمت سے منظوری ضوری ہے اور امن اور حفاظتی پہلو اس میں محیط ہیں۔ آپ کی اجرت یا بیماری کی تنخواہ کا 15% محفوظ کر لیا جائے گا، جسے رخصت یا رہائی کے موقع پر اخراجات پورے کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**27.** تعلیم
مقامی جیل تعلیم کی پیشکش کرتا ہے۔ ممکنہ صورت میں عملے سےمواقع کے بارے میں بات کریں ۔ اگر آپ جیل میں ایک ممکنہ لمبے عرصے پرمحیط دورانیے میں تعلیمی منصوبہ بندی میں دلچسپی رکھتے ہیں تو آپ عملے سے بات کریں ۔ جب آپ تعلیم حاصل کریں گےتو آپ کو ملازمتی معاوضہ ملے گا۔

**28.** تفریحی اوقات
آپ کو روزانہ کم سے کم ایک گھنٹہ کھلی ہوا میں رہ نے کا حق حاصل ہے۔ رہائشی امن کے اصول دیکیں۔

18 سال سے کم عمر کے نوجوانوں کو روزانہ دو گھنٹے جسمانی سرگرمی کا حق ہے، جن میں سے کم از کم ایک گھنٹہ باہر کھلی فضا میں ہونا ضروری ہے

مقامی جیل میں کچھ تفریحی سرگرمیاں بھی ہوتی ہیں، مثلا ٹیبل ٹینس، شترنج اور ورزش کی ٹرینگ ممکنہ صورت میں عملے سے مواقع کے بارے میں پوچھیں۔

آپ کے پاس ریڈیو سننے ، ٹی وی دیکھنے اور اخبارات، جرائد اور کتابیں پڑھنے کا موقع ہے ۔ شاذو نادراوقات میں پولیس اس حوالے سے ممانعت کرسکتی ہے ۔ ممکنہ صورت میں ریڈیو اور ٹی وی کرائے پر لینے اور رسائل اور اخبارت مستعار لینے کے بارے میں پوچھیں۔

اگرعدالت نے فیصلہ کیا ہے کہ آپ کو اکیلے رکھنا ہے تو آپ کی سہولت کے کے لیے ایک مفت ٹی وی کی فراہمی ممکن ہے۔

**29.** انتخابات وغیرہ
اگر آپ کچھ شرائط پر پورا اترتے ہیں، مثلاً آپ ڈنمارک کے شہری ہیں، تو آپ پارلیمانی یا بلدیاتی انتخابات میں ڈاک کے ذریعے ووٹ دے سکتے ہے نہیں ۔ اس کے علاوہ آپ دوسری قسم کی قانونی طور پر جائز سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

30.- بیماری
مقامی جیل میں طبی جراحت کا انتظام ہوتا ہے۔ ڈاکٹر یا نرس سے آپ کو گفتگو کی پیشکش کی جائے گی اس کے علاوہ اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ کو ڈاکٹر کی ضورت ہے تو آپ عملے سے کہیں جو ڈاکٹر یا نرس کو اطلاع کردیں گے۔

یہ ڈاکٹر تشخیص کرے گا کہ کیا آپ کا علاج ہونا ہونا چاہیے اورکیاکوئی علاج ڈینش جیل اور حراستی خدمت کے ادارے یا کسی عام اسپتال میں کیا جانا چاہیے۔

**31.** ہنگامی علاج آپ کا حق ہے، یعنی اچانک دانت کا علاج ۔ کچھ مواقع پر آپ کو خود اخرجات ادا کرنے ہوتے ہیں۔
ممکنہ صورت میں عملےسے بات کریں۔

**32.** حادثوں سے متعلق ہرجانہ
سزا کاٹنے کے دوران زخمی ہونے پرآپ ہرجانہ پانے کے حق دار ہیں۔ آپ کام کے دوران ہوئے حادثے یا تفریحی اوقات کے دوران ہوئے حادثوں کے لئے آپ ہرجانہ وصول کر سکتے ہیں۔ آپ اس وقت بھی ہرجانہ وصول کرسکتے ہیں جیسے حادثہ کی وجہ سے آپ کا چشمہ ٹوٹ گیا۔

**33.** کیس کا انتظام
آپ کاکیس حل ہونے سے قبل آپ کو اظہار رائے کا حق حاصل ہے۔ عام طور پر آپ کے خلاف فیصلے اور انکارشہادت پر مبنی ہونا چاہئے۔ آپ فیصلہ تحریری صورت میں حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ دستاویزات تک رسائی کے عام اصول کے مطابق آپ دستیاب تحریری مواد حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں اور فیصلہ دیئے جانے سے قبل اس پر رائے دینے کا حق رکھتے ہیں۔ فیصلہ کیے جانے سے پہلے آپ کو عموماً یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ آپ اپنے مقدمے سے متعلق دستاویزات دیکھ سکیں اور ان پر اپنی رائے دے سکیں۔

حراست میں ریمانڈ کے بارے میں خصوصی اصول نافذ ہوتے ہیں جیسےاشتراک سےاخراج اور ڈینش جیل اور حراستی خدمات کے مابین منتقلی نفاذی ادارہ کےانتخاب کے معاملے میں۔ اس طرح کے معاملوں میں دوسری چیزوں کے ساتھ، دستاویز تک رسا ئی کا آپ کوحق حاصل نہیں ہے اور اس لئے فیصلے کے لئے وجوہات موصول کرنے سے متعلق بھی حقوق بھی محدود ہیں۔

**34**. شکایات

ڈینش جیل اور حاراستی سروس ایریا کے ذریعہ لئے گئے فیصلے سے متعلق شکایات

اصول کے مطابق آپ محکمہ جیل اور حراست کو ڈینش جیل اور حراستی سروس ایریا کےذریعہ لئے گئے فیصلے کے بارے میں شکایت نہیں کر سکتے - تاہم فیصلےسےمتعلق شکایت کرنا ممکن ہے:

- چھٹی
- ملاقاتیں ، بشمول اپنے بچے کو جیل میں رکھنے کی درخواست کا انکار
- قیدی کی ذاتی جانچ
- تفتیشی سیل اور رخصت پر عارضی پابندی
- حفاظتی سیل میں تعیناتی، ہتھکڑی اور دیگرحفاظتی آلات کا استعمال
- قوت کا استعمال
- ساتھ قیدی کے ساتھ اشتراک
- میڈیا کے ساتھ رابطہ کا حق

آپ اپنی شکایات سے متعلق مزید تفصیلات حراستی عمل اور انفرادی عمل کے گہشے میں پاسکتے ہیں۔ عملہ آپ کو صحیح دستاویز پانے میں مدد کرسکتا ہے۔

اگرآپ کے پاس فیصلہ کے بارے میں شکایت کرنے کا حق حاصل ہوگا توعملہ اس کے بارے میں مزید جانکاری دے گا۔ ایسی صورت میں تحریری فیصلہ، آپ کے شکایات کا اختیار فیصلے سے ثابت ہوگا۔

اگرآپ ڈینش جیل اورحراستی خدمت ایریا کے فیصلہ کے بارے میں محکمہ جیل اورحراست کو شکایت کرنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کو فیصلہ موصول ہونے کے دو مہینہ کے اندرکرنا ہوگا۔

عملے کے برتاؤ سے متعلق شکایات

آپ عملے کے طرز عمل کے بارے میں مقامی جیل انتظامیہ یا جیل اور حراست محکمہ سے شکایت کر سکتے ہیں۔ اگر آپ جیل کے انسپیکٹر کے طرز عمل پر شکایت کریں اور آپ سے اتفاق نہیں کیا گیا یا اگر شکایت کے اندراج کے دو ہفتے کے گزرنے کے بعد تک فیصلہ نہیں ہوا تو شکایت کو عدالت کے سامنے پیش کیا جا سکتا ہے ۔عدالت کا موقف ہے کہ شکایت بے بنیاد ہے تو عدالت آپ کی شکایت کو رد کر سکتی ہے ۔ اور اگر مثلا وہ واقعہ جس کی بنیاد پرشکایت کی گئی ہے گو گزرے چار ہفتے سے زائد عرصہ ہو گیا ہے تو بھی عدالت شکایت کو رد کر سکتی ہے۔

پارلیمانی محتسب

ڈینش جیل اور حراستی خدمت ایریا یا جیل اور حراستی محکمہ کے ذریعہ لئے گئے حتمی فیصلے کے بارے میں آپ پارلیمانی محتسب کے پاس شکایت کر سکتے ہیں۔ محتسب خود فیصلہ تبدیل نہیں کر سکتا لیکن وہ حکام کو پھر کیس پر نظر ثانی کرنے کا کہہ سکتا ہےعملی طورپرمحتسب کےمطالبات کی پاسداری کی جاتی ہے۔

**35**. ذاتی کوائف کا ڈیٹا

جب آپ ڈینش جیل اورحراستی خدمت کے کسی ادارے میں قید ہوں گے آپ کا ذاتی ڈیٹا اکٹھاکیا جائے گا اوربرقی طور پر پروسیس کیا جائے گا۔

ذاتی کوائف کے تحفظ کے قانون کے تحت آپ مندرجہ ذیل حقوق کےمواقع کا استعمال کرسکتے ہیں:

- برقی کام کے لئے معلومات کے اکھٹا کرنے کےعمل کے بارے میں آگاہی کا حق۔
- ان معلومات تک رسائ کا حق جن پر کام ہوتا ہے
- غیر صحیح، مغالطہ پیدا کرنےوالی معلومات یا اس کی مثل کمپیوٹر پرخلاف قانون کام ہونے پراس طرح کی معلومات کی تصحیح، زائل کرنے یا رکوانے کا حق

**36**. نظم و نسق کےحوالےسے سزا وغیرہ

اگرآپ مروجہ اصولوں کی پاسداری نہیں کرتے تو تنبیہ، جرمانے یا سزا کی جیل کی صورت میں نظم کو توڑنے کے بنا پر سزا دینے کا فیصلہ ہو سکتا ہے۔ان میں شامل ہو سکتے ہیں: وارننگ، جرمانہ، وقتی طور پر رخصت کا حق ختم کرنا، ملاقاتوں، خط و کتابت یا فون تک رسائی پر عارضی پابندی، یا تنہائی میں رکھا جانا۔ تادیبی کارروائی کے دوران آپ کو مختلف حقوق حاصل ہوتے ہیں۔ عملہ آپ کو ان حقوق کے بارے میں آگاہ کرے گا، جن میں یہ حق شامل ہے کہ آپ فیصلہ کیے جانے سے پہلے اپنا بیان دے سکتے ہیں، اور آپ کو فیصلے کی وجہ بھی بتائی جائےگی ہیںدیکھیں۔

**37**. قوت کا استعمال
کچھ مواقع پرعملہ طاقت اور قابو پانے کے لئے حفاظتی تدابیر اور طریقہ کار استعمال رکھنے کا حق رکھتا ہے عملہ مثلا مختلف پکڑنے کے طریقہ کار یا ہتھکڑیاں، ڈنڈے اورمرچ اسپرے کا استعمال کر سکتا ہے۔

ہرطرح کے قوت کا استعمال پر بہت زیادہ نگرانی ہے اورمخصوص شرائط پوری ہونی چاہئے ۔ قوت کا استعمال حتی الامقدور رواداد ہو اور مقصد کے لئے ضوری ہو ۔ شکایات اوراپیل کے تحت دیکھیں۔

**38**. تلاشی
جب آپ کوجیل میں داخل کیا جائے گا تو آپ کی (جانچ) تلاشی لی جائے گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عملہ جانچیں گے کہ آپ ایسی اشیاء تو ساتھ نہیں لائے جو آپ جیل میں نہیں رکھ سکتے ہیں- اگرچہ یہ آپ کے مذہب کے خلاف ہو پھر بھی آپ کو تمام کپڑے اتارنے ہیں ۔جس جنس کے آپ ہیں عملہ میں سےاسی جنس کا فرد آپ کی تلا شی لے گا۔

جیل میں آپ کی اقامت کے دوران بھی آپ کی تلاشی ہوتی رہےگی ، مثلا ملاقات سے ماقبل اوربعد ۔ حفاظتی وجہ سےآپ کے جیل خانے کی بھی تلاشی لی جائے گی۔

آپ پر پیشاب ٹیسٹ دینے کولازم کیا جا سکتا ہے تا کہ عملہ جانچ سکے کہ آپ نے کوئ نشہ آور چیز تو نیں لی ہے۔

# عدالتی فیصلہ اورنفاذ

**39**. معا شرتی ڈیوٹی
کچھ اوقات عدالت فیصلہ کرسکتی ہے کہ جیل کی بجائے سزا کے طور پر معاشرتی ڈیوٹی کا فیصلہ آپ پر لگایا جائے ۔ اگر سراب نوشی کی حالت میں گاڑی چلانے کا یا مالی جرائم صورت میں یہ ممکن ہوسکتا ہے۔

عدالتی فیصلے سے پہلے آپ معاشرتی ڈیوٹی کی درخواست کر سکتے ہیں

اگر آپ معاشرتی ڈیوٹی کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو ڈینش جیل اورحراستی خدمت کے پاس اس کے بارے میں ایک خصوصی کتابچہ ہے۔ ممکنہ صورت میں آپ مقامی جییل میں عملے سے یا سماجییج مشیر سے دریافت کریں۔

**40**. بدستورریمانڈ کی قید؟
جب آپ عدالتی فیصلہ حاصل کریں گے تو عدالت فیصلہ کرےگی کہ سزرا کاٹنے کی شروعات سے قبل آپ کو رہا کیا جائے یا بدستور آپ کو ریمانڈ کی قید میں رکھا جائے ۔

**41**. اپیل
عدالتی فیصلے کے بعد 14 دنوں کے اندر اندر آپ اپیل کا حق رکھتت ہیں ۔ آپ عدالتی فیصلے کے صادر ہوتے وقت اپیل کرسکتے ہیں یا عملے کو کہہ سکتے ہیں جن کے پاس ایک اپیل کتاب ہوتی ہے ۔ آپ کے تفویض کردہ وکیل کا فرض ہے کہ وہ آپ کو اپیل کے سوالات کے سلسلےمیں ہدایات فراہم کرائے ۔

**42**. پاؤں پر برقی بیڑی
اگر آپ کو چھ ماہ تک کی سزا سنائی جاتی ہے، تو آپ اہل ہو سکتے ہیں کہ یہ سزا گھر پر الیکٹرانک ٹیگ کے ساتھ پوری کریں۔ یہ آپ کی رہائش اور ملازمت کی صورت حال پر منحصر ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے سوشل ورکر سے رابطہ کریں۔پوچھیں

**43**. علاج
اگر آپ کو شراب یا منشیات کا مسئلہ ہے، تو آپ حراست کے دوران نشے سے نجات کا علاج حاصل کر سکتے ہیں۔ مقامی جیلیں ابتدائی علاج (پری ٹریٹمنٹ) فراہم کرتی ہیں، اور بعد میں مکمل علاج کی سہولت بھی دی جاتی ہے

اگر آپ کو مخصوص علاج کی ضورت ہے تو کچھ اوقات آپ کو ڈینش جیل اور حراستی خدمت کے باہر کسی ادارے مینسزا کاٹنے کا موقع ہو گا ۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو ڈینش جیل اور حراستی خدمت کے ہاں علاج کے حوالے سے کچھ مختلف پیشکش ہیں اورممکن ہے کہ آپ اس کا
استعمال کر سکیں ، مثلا اگر آپ کو شراب نوشی سی یا منشیات کا بیجا استعمال کا مسئلہ ہے یا تشدد یا جنش جرائم کی پاداش میں آپ کے خلاف عدالتی فیصلہ ہوتا ہے۔

ان پیشکش میں سے اکسر میں آپ اس وقت حصہ لے سکتے ہیں جب آپ نےعدالتی فیصلہ حاصل کر لیا ہو۔
علاج کے بارے میں ڈینش جیل اور حراستی خدمت کے پاس خصوصی کتابچہ ہے۔ آپ اسے عملہ سے حاصل کر سکتے ہیں ۔

**44**۔ اگر آپ کو جیل کی سزا کاٹنی ہے
ڈینش جیل اورحراستی خدمت نے جیل کی سزا کاٹنے سےمتعلق ایک کتابچہ شائع کیا ہے۔ یہ آپ عملے سے حاصل کرسکتے ہیں۔

45۔ عملی مدد وغیرہ
جب آپ کو حراست میں لیا جاتا ہے، تو 24 گھنٹوں کے اندر ایک عملے کا رکن آپ سے ملاقات کرے گا۔ وہ آپ کے اہلِ خانہ، گھر، پالتو جانوروں، کام کی جگہ، صحت وغیرہ سے متعلق فوری امور میں مدد فراہم کرے گا، اور آپ کو مقامی جیل میں قیام کے قواعد و ضوابط اور عملی امور کے بارے میں آگاہ کرے گا۔

پہلے سات ورکنگ دنوں کے اندر ایک سوشل ورکر بھی آپ سے ملاقات کرے گا۔ وہ آپ کی مقامی میونسپلٹی سے رابطہ، سبسکرپشنز سے استثنا کے لیے درخواست دینا، یا کرایے کی ادائیگی میں مدد جیسے عملی معاملات میں آپ کی معاونت کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو سزا کاٹنے کے لئے رکھا جاتا ہے تو عوامی رجسٹر کو خود بخود اطلاع دی جاتی ہے اور
سماجی معاوضے وصول کرنے کا آپ کا حق زائل ہو جاتا ہے، لیکن آپ کے پاس بلدیہ سے رہائشی اخرجات یا جیل کا سماجی مشیر سماجی انتظامیہ کی درخواست وغیرہ کے لئے درخواست دینے کا موقع ہے۔ ڈینش جیل اور حراستی خدمت کا ایک سماجی کارکن سماجی خدمات کے لئے درخواست دینے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

**46** ۔اگر آپ ریمانڈ کے قیدی کے لواحقین ہیں تو ممکن ہے کہ آپ مندرجہ ذیل اپنے سوالات کے جوابات حاصل کر سکیں ۔

ملاقات، ٹیلیفون کالز، خطوط، باہر جانے وغیرہ کے بارے میں درج بالا میں تفصیل سے مذکور ہے اگر آپ ایک ریمانڈ قیدی سے ملنا چاہتے ہیں
تو آپ کو اجازت حاصل کرنے کے لئے ڈینش جیل اور حراستی خدمت میں درخواست دینی ہوگی ۔ آپ کو ملاقات کے لئے وقت بھی لینا ہوگا۔ علاوہ ازیں آپ خیال رکھیں کہ جب آپ ریمانڈ کے قیدی سے ملنے آئیں تو آپ اپنے ساتھ فو ٹو آئ ڈی ساتھ لائیں ۔

بند جیلوں اور مقامی جیلوں میں اگر آپ ملاقات کے وقت موبائل ساتھ لاتے ہیں تو یہ لائق سزا جرم ہے۔

اگر آپ ایک ریمانڈ کے قیدی کے لواحقین ہیں تو آپ ہمیشہ ڈینش جیل اور حراستی خدمت کے سماجی کارکن سے بات کرنے کے لئے ن آزاد ہیں ۔

**47**۔ راز داری کا لازم ہونا
ڈینش جیل اورحراستی خدمت کے تمام عملے کے لئے رازداری کا خیال رکھنا ان کا فرض ہے۔

ریمانڈ کے قیدی کے بارے میی معلومات لواحقین اوردوسرے غیر افراد کو مننتقل نہیں کی جا سکتی ۔ فقط
جیل کاٹنےوالا فرد خود مثلا لواحقین کو ذاتی معلومات کے بارے میں بتا سکتا ہے بجز اگر وہ خود عملے کواجازت دے۔

**48**. ٹیلیفون پر مشاورت
اگر آپ کے کو ئ سوالات ہوں تو آپ ڈینش جیل اورحراستی خدمت کے سماجی کارکن سے بات کرسکتے ہیں- اور ڈینش جیل اور حراستی خدمت کے گمنام ٹیلیفون ہاٹ لائن کے ذریعہ اصول اور حقوق کے بارے میں اس نمبر پرحاصل کر سکتے ہیں 06 04 26 70(45)+-

ہاٹ لائن ہر ہفتہ کے آخر میں صبح 9 بجے سے 3 بجے اور 7 بجے سے رات 11 بجے تک کھلا رہتا ہے. ہفتہ کےآخری میں ہاٹ لائن دوپہر12 بجے سے شام 6 بجے کے بیچ کھلا رہتا ہے.

- پیر سے جمعہ: 9:00–14:00
- پیر سے جمعرات کی شام: 19:00–21:00
- اتوار: 12:00–16:00
- ہفتہ کو بند رہتا ہے

کرمنل فارسیگرین کےلئے ڈائریکٹوریٹ
اس ییندڈگیڈ 011
ڈی کے 0010 کوپن ہیگن کے

فون 55 55 55 72

www.kriminalforsorgen.dk
dfk@kriminalforsorgen.dk